سوال

(457)ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنا موافق سنت کے ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنا موافق سنت کے ہے، اس واسطے کہ مصافحہ کے معنی لغت میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنے کے ہیں۔ منتہی الارب میں ہے :

"مصافحہ دست یک دیگر را گرفتن

’’مصافحہ کا معنی ہے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنا‘‘

قاموس میں ہے :

المصافحة الاخذ بالید کالتصلح"[1]

’’مصافحہ کا معنی ہے ہاتھ پکڑنا، جیسے تصلح لفظ ہے‘‘

اس میں شرعاً کسی آیت یا حدیث سے ثابت نہیں کہ دونوں ہاتھ کی شرط ہے، پس جب لغت سے مصافحہ کے معنی ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنے کے ثابت ہوئے۔ اس سے دونوں ہاتھ کی قید ثابت نہیں ہوئی اور شرعاً بھی اس میں ہر جانب سے دو ہاتھ کی شرط کا ثبوت نہیں تو ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنا موافق سنت کے ہوگا اور ہر جانب سے دو ہاتھ کی شرط بے دلیل ہوگی۔

---

[1]۔ القاموس المحیط (ص :229)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الادب، صفحہ:695

محدث فتویٰ